CODE : 53

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (سیاسات)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات - مئی 2026

**Booklet Serial No.**

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

**Time: 2hrs** **Maximum Marks: 70**

## امیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر اُمیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر لکھیں۔ امیدوار اپنا ہال ٹکٹ نمبر اور OMR نمبر کسی اور جگہ نہ لکھیں۔
2. یہ سوال نامہ (24) صفحات پر مشتمل ہے۔ امیدوار امتحان دینے سے پہلے سوالنامہ چیک کریں۔ کسی بھی تضاد کی صورت میں، نگران کار کی جانب سے ایک نیا سوالنامہ فراہم کیا جاسکتا ہے۔
3. سوال نامہ حصہ A اور حصہ B پر مشتمل ہے۔ حصہ A میں 50 متعدد انتخابی سوالات (MCQ) ہیں، ہر ایک میں چار آپشنز ہیں۔ امیدوار صحیح جواب کا انتخاب کریں اور OMR شیٹ پر نیلے یا سیاہ بال پوائنٹ قلم کا استعمال کرتے ہوئے متعلقہ دائرے کو نشان زد کریں۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ OMR شیٹ میں متعلقہ سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب پر صحیح طریقے سے نشان نہ ہونے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، اگر کسی سوال کے لیے ایک سے زیادہ آپشن نشان زد کیے گئے ہیں تو اس سوال کے لیے کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔
4. حصہ دوم چار وضاحتی سوالات پر مشتمل ہے، ہر سوال کے لیے 5 نمبر ہیں۔ جوابات صرف 8 صفحات پر مشتمل دیے گئے جوابی پرچے میں ہی لکھیں جائیں۔ کوئی اضافی جوابی پرچہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
5. کوئی منفی نشانات نہیں ہیں۔
6. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر، امیدواروں کو اجازت ہے کہ وہ اپنا سوال نامہ لے جائیں۔ OMR شیٹ اور جوابی پرچہ نگران کار کے حوالے کر دیں۔

***

CODE : 53

## Part A

### Section 1 – Research Methodology

1. معیاری تحقیقاتی ڈیزائن کی بنیادی خصوصیات کیاہیں؟

(A) عددی ڈیٹا (B) شماریاتی تجزیہ

(D) گہرائی میں سمجھ (D) بڑے نمونے

2. تحقیقاتی ڈیزائن کا بنیادی مقصد کیاہوتاہے؟

(A) وقت ضائع کرنا (B) اخراجات بڑھانا

(C) مسئلے کامنظم حل تلاش کرنا (D) صرف ڈیٹااکٹھاکرنا

3. تجرباتی تحقیق میں کنٹرول گروپ کا کیاکردار ہوتاہے؟

(A) ڈیٹاجمع کرنا (B) نتائج کوکنٹرول کرنا

(C) موازنہ فراہم کرنا (D) رپورٹ لکھنا

4. تحقیقی مسئلہ کی درست تعریف کیاہے؟

(A) عمومی موضوع کی وضاحت (B) مخصوص مسئلے کی نشاندہی

(C) تحقیق کے نتائج (D) مفروضے کی تشکیل

5. تحقیقی مسئلہ کے انتخاب میں کون ساعنصر سب سے اہم ہوتاہے؟

(A) ذاتی دلچسپی (B) دستیاب وسائل

(C) سماجی اہمیت (D) وقت کی کمی

CODE : 53

6. تحقیقی مسئلے کی تشکیل میں پہلا مرحلہ کیا ہے؟

(A) ڈیٹا کا تجزیہ
(B) مسئلے کی شناخت
(C) رپورٹ لکھنا
(D) نتائج اخذ کرنا

7. تحقیقی مسئلہ اور مفروضہ میں کیا تعلق ہے؟

(A) کوئی تعلق نہیں
(B) مفروضہ مسئلے سے پیدا ہوتا ہے
(C) مسئلہ مفروضے سے بنتا ہے
(D) دونوں الگ ہیں

8. تحقیقی مسئلے کی اہمیت کس سے ظاہر ہوتی ہے؟

(A) اس کی طوالت سے
(B) اس کے اثرات سے
(C) اس کے عنوان سے
(D) اس کے مصنف سے

9. تحقیقی مسئلے کی وضاحت میں کیا شامل ہوتا ہے؟

(A) نتائج
(B) سوالات
(C) حوالہ جات
(D) خلاصہ

10. تحقیقی مسئلہ متعلق ہے:

(A) کہانی سے
(B) سائنسی تحقیق سے
(C) شاعری سے
(D) افسانہ سے

11. تحقیق میں سرقہ (Plagiarism) سے کیا مراد ہے؟

(A) اپنے خیالات کو واضح کرنا
(B) دوسروں کے کام کو بغیر حوالہ استعمال کرنا
(C) مواد اکٹھا کرنا
(D) نتائج کو پیش کرنا

.12 سرقہ (Plagiarism) کی ایک عام شکل کیا ہے؟

(A) خود سے لکھنا (B) حوالہ دینا

(C) کاپی پیسٹ کرنا بغیر حوالہ (D) ڈیٹا اکٹھا کرنا

.13 جوڑ توڑ (Manipulation) کا مقصد کیا ہوتا ہے؟

(A) سچائی کو ظاہر کرنا (B) مطلوبہ نتائج حاصل کرنا

(C) تحقیق کو آسان بنانا (D) حوالہ دینا

.14 تحقیق میں اخلاقیات کی اہمیت کیا ہے؟

(A) غیر ضروری ہے (B) صرف رسمی ہے

(C) تحقیق کی ساکھ برقرار رکھتی ہے (D) وقت ضائع کرتی ہے

.15 مفروضہ (Hypothesis) کس چیز کی نمائندگی کرتا ہے؟

(A) ثابت شدہ حقیقت (B) عارضی قیاس

(C) حتمی نتیجہ (D) تجرباتی طریقہ

.16 مفروضہ (Hypothesis) کی جانچ کس کے ذریعے کی جاتی ہے؟

(A) کہانی (B) مشاہدہ اور تجربہ

(C) اندازہ (D) روایت

.17 تحقیقاتی سوال عام طور پر کہاں شامل ہوتا ہے؟

(A) نتائج میں (B) تعارف میں

(C) حوالہ جات میں (D) ضمیمہ میں

18. مفروضہ کی عام طور پر کتنی قسمیں ہیں؟

(A) ایک (B) دو

(C) تین (D) چار

19. تحقیقاتی سوال کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(A) الجھن پیدا کرنا (B) تحقیق کی رہنمائی کرنا

(C) مواد بڑھانا (D) وقت گزارنا

20. اے پی اے (APA) فارمیٹ عام طور پر کس کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

(A) ادب (B) نفسیات اور سماجی علوم

(C) تاریخ (D) فلسفہ

21. "Social Science Research : Principles, Methods and Practices" کے مصنف کون ہیں؟

(A) ایلن اے ڈروسٹ (B) اینول بھٹاچارجی

(C) ڈیویڈ آر کراتھوہل (D) سی آر کوٹھاری

22. "Validity and Reliability in Social Science Research" کے مصنف کون ہیں؟

(A) ولیم جے گوڈ (B) پال کے ہٹ

(C) ایلن اے ڈروسٹ (D) اینول بھٹاچارجی

23. "Methods of Educational and Social Science Research : The Logic of Methods" کس کی تصنیف ہے؟

(A) ڈیویڈ آر کراتھوہل (B) سی آر کوٹھاری

(C) اینول بھٹاچارجی (D) ولیم جے گوڈ

24. "Methods in Social Research" کس نے لکھی ہے؟

(A) سی آر کوٹھاری
(B) ایم این سری نواس
(C) ولیم جے گوڈ اور پال کے ہٹ
(D) ایلن اے ڈروسٹ

25. "Research Methodology : Methods and Techniques" کے مصنف کون ہیں؟

(A) ڈیوڈ آر کرا تھوہل
(B) ایلن اے ڈروسٹ
(C) سی آر کوٹھاری
(D) پال کے ہٹ

## Section 2 – Political Science (سیاسیات)

26. مندرجہ ذیل میں سے کون وفاقی نظام کی خصوصیت نہیں ہے؟

(A) وحدانی اختیار
(B) آئین کی بالادستی
(C) اختیارات کی تقسیم
(D) آزاد عدلیہ

27. مندرجہ ذیل میں سے کون سا پارلیمانی نظام سے براہِ راست وابستہ ہے؟

(A) صدر
(B) کابینہ
(C) فوج
(D) عدلیہ

28. 'شانتی پروا' میں ریاست کے کس نظریہ کی وضاحت کی گئی ہے؟

(A) خدائی حق کا نظریہ
(B) سماجی معاہدے کا نظریہ
(C) رضامندی کا نظریہ
(D) خدائی حقوق اور سماجی معاہدے دونوں کے نظریات

29. ہاتھورن مطالعات (Hawthorne Studies) کس سے وابستہ ہے؟

(A) نوکر شاہی نظریہ
(B) سائنسی انتظامیہ
(C) انسانی تعلقات کا نظریہ
(D) نظامی نظریہ

30. Anti – defection Act کب عمل میں آیا؟

(A) 1 مئی 1985
(B) 1 اپریل 1985
(C) 1 دسمبر 1985
(D) 1 جون 1985

31. سافٹ پاور (Soft–Power) کا تصور کس نے متعارف کیا؟

(A) سیموئل ہنٹنگٹن
(B) انتونیو گرامشی
(C) فرانسیس فوکویاما
(D) جوزف نائے

32. شودر برادری (Shudra Community) کے لیے اکشرا کرانتی 'Akshara Kranti' جیوتی باپھلے نے کس سال میں آغاز کیا تھا؟

(A) 1838
(B) 1783
(C) 1858
(D) 1738

33. "نمائندگی کے بغیر ٹیکس نہیں" (No Taxation without Representation) کس سے وابستہ ہے؟

(A) سوشلزم
(B) لبرلزم
(C) قدامت پسندی
(D) فاشزم

34. مہاتما گاندھی کے مطابق:

(A) مقاصد، ذرائع کو جائز بناتا ہے

(B) ذرائع اہم نہیں ہوتے

(C) مقاصد اور ذرائع ایک دوسرے سے مربوط ہیں

(D) مقاصد اور ذرائع کے درمیان کوئی تعلق نہیں

35. مملکتی پالیسی کے رہنمایانہ اصول کس سے متاثر ہیں؟

(A) برطانیہ

(B) آئرلینڈ

(C) امریکہ

(D) کینیڈا

36. فہرست I اور فہرست II کو صحیح کریں اور نیچے دیے گئے کوڈ سے صحیح جواب منتخب کریں۔

| فہرست(1) | فہرست(2) |
|---|---|
| a مالیاتی کمیشن | i دفعہ 360 |
| b مالیاتی ہنگامی حالت | ii دفعہ 312 |
| c راجیہ سبھا | iii دفعہ 368 |
| d آئینی ترمیم | iv دفعہ 280 |

(A) a-i, b-ii, c-iii, d-iv

(B) a-iii, b-iv, c-i, d-ii

(C) a-ii, b-i, c-iii, d-iv

(D) a-iv, b-i, c-ii, d-iii

37. جائیداد کے استحقاق کا نظریہ کس نے تجویز کیا؟

(A) رابرٹ نوزک

(B) جان رالس

(C) جان لاک

(D) ہابس

CODE : 53

38. درج ذیل نظریات کی صحیح ترتیب کی نشاندہی کریں۔

i فیصلہ سازی کا نظریہ

ii انسانی تعلقات کا نظریہ

iii کلاسیکی نظریہ

iv عوامی انتخاب کا نظریہ

(A) i, ii, iii, iv
(B) iii, ii, i, iv
(C) iv, iii, ii, i
(D) ii, iv, i, iii

39. درج ذیل ہندوستانی کمیشنوں کو ان کی تشکیل کے سال کے مطابق ترتیب دیں:

i. قومی کمیشن برائے اقلیت

ii. قومی کمیشن برائے ایس سی (SC)

iii. مرکزی اطلاعات کمیشن

iv. قومی کمیشن برائے تحفظِ حقوقِ اطفال

v. قومی کمیشن برائے خواتین

(A) v, i, ii, iii, iv
(B) v, ii, i, iv, iii
(C) i, ii, iii, iv, v
(D) iii, ii, i, iv, v

40. میکس ویبر کے مطابق درج ذیل میں سے کون سی اتھارٹی کی قسم جدید نوکرشاہی کی بنیاد ہے۔

(A) روایتی
(B) کرشمائی
(C) قانونی-عقلی
(D) عوامی

CODE : 53

.41 سیاسیات، اقدار کی مستند تقسیم ہے (Politics is the authoritative allocation of values) کی تعریف کس نے کی ہے؟

(A) آلمونڈ (B) ڈیوڈ ایسٹن

(C) لینن (D) رابرٹ ڈاہل

.42 دلت پینتھر (Dalit Panthar) تحریک کہاں شروع کی گی تھی؟

(A) مغربی بنگال (B) کرناٹک

(C) مہاراشٹر (D) گجرات

.43 ثقافت کے تصور کو کس نے ترقی دی؟

(A) ڈیوڈ ایسٹن (B) لاس ویل

(C) آلمونڈ اور وربا (D) میکس ویبر

.44 ہیجمنی (Hegemony) کا تصور کس سے وابستہ ہے؟

(A) اینگلز (B) لینن

(C) کارل مارکس (D) انتونیو گرامشی

.45 F.W. Taylor کے سائنسی انتظام کے تصور پر کس نے تنقید کی ہے؟

(A) ٹریڈ یونین (B) نیو پبلک مینجمنٹ کے مفکرین

(C) عوامی انتظامیہ کے کلاسیکی اسکالرز (D) انسانی تعلقات کے نظریہ ساز

. 46 بین الاقوامی تعلقات میں حقیقت پسندی کس سے وابستہ ہے؟

(A) مورگنتھو (B) کارلس مارکس

(C) ووڈرو ولسن (D) لاس ویل

47. ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں ایک کا (A) بطور دعویٰ ہے دوسرا (R) وجہ ہے۔
دعویٰ (A) حق اطلاعات قانون 2005، حکمرانی میں شفافیت کو تقویت دیتا ہے۔
وجہ (R) یہ شہریوں کو حکومت / انتظامیہ سے اطلاعات حاصل کرنے کا اختیار دیتا ہے۔
مندرجہ بالا دو بیانات کے تناظر میں مندرجہ ذیل میں سے کون سا درست ہے؟
(A) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A- کا صحیح وضاحت ہے
(B) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A کی صحیح وضاحت نہیں ہے
(C) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے
(D) (A)غلط ہے پر (R) صحیح ہے

48. دعویٰ (A) سیاسی ترقی میں جدیدیت شامل ہے۔
وجہ (R) جدیدیت سیاسی ادارہ سازی کی طرف لے جاتی ہے۔
(A) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A- کا صحیح وضاحت ہے
(B) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A کی صحیح وضاحت نہیں ہے
(C) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے
(D) (A)غلط ہے پر (R) صحیح ہے

49. دعویٰ (A) لوک سبھا دنیا کا سب سے طاقتور ایوان زیریں ہے۔
وجہ (R) منی بل (Money Bill) صرف لوک سبھا میں پیش کیا جاتا ہے۔
(A) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A- کا صحیح وضاحت ہے
(B) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A کی صحیح وضاحت نہیں ہے
(C) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے
(D) (A)غلط ہے پر (R) صحیح ہے

CODE : 53

50. دعویٰ (A) رویہ جاتی عمل، تجرباتی تحقیق پر مرکوز ہے۔
وجہ (R) یہ سائنسی طریقوں کو مسترد کرتا ہے۔
(A) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A- کا صحیح وضاحت ہے
(B) دونوں صحیح ہیں لیکن (R) A کی صحیح وضاحت نہیں ہے
(C) (A) صحیح ہے لیکن (R) غلط ہے
(D) (A) غلط ہے پر (R) صحیح ہے

**Part B (Subjective Questions)**
**Answer all four questions 20 Marks**
**Research Methodology**
**(Questions 1-2)**

1۔ ایک اچھی تحقیقی ڈیزائن کی کیا خصوصیات ہونی چاہیے؟

2۔ سماجی علوم میں تحقیقی مسئلے کے کردار پر بحث کیجیے۔۔

Subject Concerned
(Questions 3-4)

3۔ سیاسی نظریہ اور سیاسی فلسفہ کے فرق کی وضاحت کیجیے۔

4۔ ہندوستانی سیاسی نظریے کی عصری معنویت پر روشنی ڈالیے۔

***

# Rough Work

CODE : 53

# Rough Work